بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال

نمبر۔۔۔۔۔۔ مورخہ 27 نومبر 2025

ریوائزنوٹیفیکیشن

بورڈ ہذا کے زیر اہتمام میٹرک پہلا سالانہ امتحان 2026 مورخہ 03.03.2026 سے شروع ہوگا۔ مذکورہ امتحان کے لئے داخلہ فارم مع امتحانی فیس شیڈول کے مطابق وصول کی جائے گی۔ شیڈول سے تاخیر سے داخلہ فارم قابل قبول نہ ہوگا۔ میٹرک پہلا سالانہ امتحان 2026ء کے داخلہ فارم کی وصولی کا شیڈول درج ذیل ہے۔

سیریل نمبر	شیڈول	حتمی تاریخ
۱	سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	04-11-2025 تا 10-12-2025
۲	ڈبل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	11-12-2025 تا 23-12-2025
۳	ٹرپل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	24-12-2025 تا 06-01-2026

مذکورہ بالا امتحان کے سلسلہ میں شرح داخلہ فیس درج ذیل ہوگی۔ نیز ٹرپل فیس کے بعد -/500 روپے یومیہ جرمانہ کے ساتھ 51st میٹنگ مورخہ 15-06-2023 آئٹم نمبر 8 کے تحت مورخہ 16-02-2026 تک فیس ادا کر کے بمعہ داخلہ فارم دفتر ہذا میں جمع کروانے کے بعد امیدوار امتحان میں شمولیت اختیار کر سکتا ہے۔

ریگولر امیدواران

امتحان میٹرک	پارٹ فرسٹ	پارٹ سیکنڈ	کمبائنڈ فیس
سائنس گروپ	700روپے	700روپے	1400روپے
آرٹس گروپ مع پریکٹیکل مضمون	700روپے	700روپے	1400روپے
آرٹس گروپ بغیر پریکٹیکل مضمون	650روپے	650روپے	1300روپے
پروسیسنگ فیس	800روپے	800روپے	800روپے
سند فیس (صرف پارٹ سیکنڈ کے ساتھ)	------	1000روپے	1000روپے
ڈولپمنٹ فنڈ	-/350روپے	-/350روپے	-/350روپے
پرائیویٹ امیدواران			
سائنس گروپ	750روپے	750روپے	1500روپے
آرٹس گروپ مع پریکٹیکل مضمون	750روپے	750روپے	1500روپے
آرٹس گروپ بغیر پریکٹیکل مضمون	700روپے	700روپے	1400روپے
رجسٹریشن فیس (صرف ایک مرتبہ)	1000روپے	1000روپے (برائے کمپوزٹ)	1000روپے
پروسیسنگ فیس	800روپے	800روپے	800روپے
سند فیس (صرف پارٹ سیکنڈ کے ساتھ)	------	1000روپے	1000روپے
ڈولپمنٹ فنڈ	-/350روپے	-/350روپے	-/350روپے

نوٹ: ۱۔ درج بالا شیڈول کے بعد کوئی داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔ ۲۔ داخلہ فیس ہمراہ داخلہ فارم مقررہ تاریخ تک دفتر ہذا میں وصول ہونا لازمی ہے۔

۳۔ پرائیویٹ امیدواران سے مبلغ -/1000 روپے رجسٹریشن فیس صرف پہلی بار شرکت کرنے پر وصول کی جائے گی۔ ۴۔ گورنمنٹ سیکٹر کے تعلیمی ادارہ جات کے سربراہان سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارموں کی وصولی کے شیڈول کے مطابق جماعت نہم و دہم مورخہ 04-11-2025 تا 10-12-2025 کے دوران اپنے ادارے کے ریگولر طلباء و طالبات کے داخلہ فارم بغیر امتحانی فیس کے جمع کروا سکیں گے۔ ۵۔ واضح رہے کہ پروسیسنگ فیس -/800 روپے اور اصل سرٹیفکیٹ فیس -/1000 روپے اور ڈولپمنٹ فنڈ -/350 روپے امیدوار کو کسی بھی صورت میں معاف نہیں ہے۔ ۶۔ نیز جماعت نہم کے امتحان میں شرکت کر کے کامیابی حاصل نہ کرنے والے امیدواران جماعت دہم کے امتحان کا فارم جمع کرواتے وقت جماعت نہم و دہم (دونوں پارٹس) کی امتحانی فیس بمعہ دیگر واجبات ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ ۷۔ اس طرح جماعت نہم میں شرکت کے بعد کامیابی حاصل نہ کرنے کی صورت میں جماعت نہم میں دوبارہ داخل ہونے والے امیدواران بھی امتحانی فیس و دیگر واجبات ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ ۸۔ نیز ادارہ کا الحاق کوڈ اور بینک چالان کا نمبر مالیاتی فارم پر درج کرنا لازم ہوگا۔ ۹۔ **داخلہ فیس ناقابل واپسی ہوگی۔** ۱۰۔ ایسے امیدواران جنہیں بورڈ کے کسی بھی فیصلہ کے تحت امتحانی فیس معافی کی سہولت حاصل ہے ایسی سہولت صرف سنگل فیس کے شیڈول تک ہے۔ ۱۱۔ سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کروانے کی تاریخ گزر جانے کے بعد وہ بھی دیگر امیدواران (پرائیویٹ / ریگولر) کی طرح شیڈول کے مطابق امتحانی فیس بمعہ دیگر واجبات جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔ ۱۲۔ تین گنا فیس بمعہ مبلغ -/500 روپے یومیہ جرمانہ فیس کے ساتھ جمع ہونے والے داخلہ فارم کے حامل امیدواران کا امتحانی سنٹر تحصیل ہیڈ کوارٹر پر بنایا جائے گا۔ ۱۳۔ داخلہ فارم مع بینک چالان برائے ادائیگی داخلہ فیس بورڈ کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کر کے UBL کی ہمزہ بینکوں میں شیڈول کے مطابق جمع کروائیں۔

27/11/25

پروفیسر محمد فیاض سلیمی

سیکرٹری بورڈ

کاپی برائے اطلاع:

۱۔ جناب C.E.O.s (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی) پاکپتن، ساہیوال، اوکاڑہ ۲۔ جناب ڈائریکٹر آف ایجوکیشن کالجز ساہیوال ۳۔ جناب RCO تعلیمی بورڈ ساہیوال (برائے الیکٹرونک ویرنٹ سینڈ)

۴۔ سسٹم اینالسٹ (برائے اپ لوڈنگ بورڈ ویب سائیٹ) ۵۔ الحاق شدہ ہائیر سیکنڈری سکولز / ہائی سکولز ساہیوال ڈویژن، ساہیوال ۶۔ جملہ آفیسران بورڈ ہذا۔

محمد مبشر انعم

27/11/2025

(فنانس برانچ)

CamScanner